St George's University Hospitals NHS
NHS Foundation Trust

the SAFE test
St George's Antenatal Fetal Evaluation

غیر جراحتی قبل از ولادت جانچ (NIPT)

NHS مریضوں کے لیے معلومات

URDU

SAFE جانچ کی رپورٹ کس طرح کی جاتی ہے؟

کم امکان: کا مطلب آپ کے حمل کا ٹرائی سومی 21، 18 یا 13 سے متاثر ہونے کا امکان نہ کے برابر ہے، اور لہذا اس بات کا امکان بہت کم ہے کہ آپ کے بچے کو ڈاؤنز، ایڈوارڈز یا پٹاؤز سنڈروم ہے۔

اعلی امکان: کا مطلب ہے کہ آپ کے حمل کو ٹرائی سومی 21، 18، یا 13 کا خطرہ بڑھا ہوا ہے اور یہ کہ یقینی تشخیص فراہم کرنے کے لیے نتیجے کی توثیق ایک جراحتی تشخیصی جانچ سے کی جانی چاہیے، جیسے امینو سینٹیسس یا CVS۔

نو کال (no call) نتیجہ: متعدد اسباب کی بنا پر بہت ہی کم معاملوں (200 میں سے 1) میں ہو سکتا ہے جانچوں کا کوئی نتیجہ بر آمد نہ ہو۔ اس صورت میں، طبی ٹیم آپ کے لیے دستیاب اختیارات پر بات چیت کرے گی۔

اگر مجھے "اعلی امکان" نتیجہ موصول ہوتا ہے تو ایسی صورت میں کیا ہوتا ہے؟

اگر SAFE جانچ کا نتیجہ کروموسوم سے متعلق حالت کے کسی اعلی امکان کو ظاہر کرتا ہے تو آپ کو ایک جراحتی تشخیصی جانچ کی پیش کش کی جائے گی جیسے امینو سینٹیسس یا CVS۔ یہ جانچیں اس بابت ایک یقینی 'ہاں' یا 'نہیں' نتیجہ ظاہر کرتی ہیں کہ آیا آپ کا بچہ / بچی ڈاؤنز، ایڈوارڈز یا پٹاؤز سنڈروم سے متاثر ہے۔ قبل اس کے کہ آپ مزید جانچیں کروانے یا نہ کروانے کا فیصلہ کریں ایک جراحتی کارروائی کے ذریعہ حمل کے زیاں کے خطرے کے مقابلہ تشخیص کے بارے میں پُر یقین ہونے کی ضرورت پر غور کرنا ضروری ہے۔ آپ کی مڈ وائف اور / یا آبسٹیٹریشن (ماہر زچگی) آپ کے کسی بھی ممکنہ سوالوں کا جواب دینے، نیز اس پوری مدت میں آپ کی معاونت کے لیے حاضر رہیں گی۔

مزید معلومات کے لیے میں کن سے رابطہ کر سکتی ہوں؟

اگر SAFE جانچ سے متعلق آپ کے پاس کوئی سوالات ہوں تو برائے مہربانی اپنی نامزد مڈ وائف یا کنسلٹینٹ آبسٹیٹریشن سے رابطہ کریں۔

سینٹ جارجز ہاسپٹل کی ٹیم سے براہ راست رابطہ کرنے کے لیے، برائے مہربانی ای میل کریں:

theSAFEtest@nhs.net یا ملاحظہ کریں:
www.theSAFEtest.co.uk

WSAFE جانچ میں کہاں حاصل کر سکتی ہوں؟

SAFE جانچ مختلف صحت نگہداشت فراہم کنندگان کے واسطے سے دستیاب ہے۔ مزید معلومات کے لیے، ای میل کریں:
theSAFEtest@nhs.net یا ملاحظہ کریں:
www.theSAFEtest.co.uk

پیشنٹ ایڈوائس اینڈ لائزن سروس (PALS)

آپ کا مقامی PALS دفتر آپ کو بر موقع مشورہ اور معلومات فراہم کر سکتا ہے جب کبھی آپ کے پاس ہماری خدمات یا اس نگہداشت کے بارے میں آپ کے پاس تبصرے یا تشویشات ہوں گی جو کہ آپ کو موصول ہوئی ہے۔

سینٹ جارجز یونیورسٹی ہاسپٹلز NHS FT کے بارے میں

سینٹ جارجز یونیورسٹی ہاسپٹلز NHS فاؤنڈیشن ٹرسٹ کی زچہ بچہ اکائی ایک علاقائی اور ٹیریٹیری ریفرل یونٹ ہے جس کو ملک کے محفوظ ترین یونٹ میں سے ایک ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ یہاں ہر سال 5,000 سے زائد بچوں کی ولادت ہوتی ہے اور اس طرح اس یونٹ نے شاندار طبی نتائج، اعلی ترین ممکنہ بیرونی تصدیق نامے حاصل کیے ہیں اور اسے لندن میں 'مڈوائف: ولادت' کی اعلی ترین شرحوں کا افتخار حاصل ہے۔ اس یونٹ میں صلاح کار اور مڈ وائف کے ذریعہ زچہ بچہ نگہداشت فراہم کی جاتی ہیں اور یہ جدید ترین ساز وسامان سے لیس ہے، جن میں قبل از ولادت انتہائی نگہداشت اور ایک خصوصی دیکھ بھال والی بچوں کا یونٹ شامل ہیں۔

سینٹ جارجز ہاسپٹل میں فیٹل میڈیسین یونٹ ایک معروف ٹیریٹیری ریفرل سنٹر اور تحقیقی مرکز ہے جو کہ اس مقصد کے تحت تعمیر شدہ یونٹ میں واقع ہے۔ یہاں پر معمول کی تشخیص سے لے کر جراحتی کارروائیوں تک نگہداشت کے تمام پہلوؤں کے لیے جدید ترین سہولیات موجود ہیں، جن میں جنین کی سرجری (رحم مادر میں سرجری) شامل ہے۔ یہ یونٹ حسب معمول جنوب مغرب لندن علاقے کے 10 ڈسٹرکٹ جنرل ہاسپٹلز سے ریفرلز کو قبول کرتا ہے، جن میں قبل از ولادت کی نگہداشت کے لیے سالانہ تقریباً 35,000 خواتین شامل ہیں۔ برطانیہ اور یوروپ کے دیگر ہسپتالوں سے جنین کی پیچیدہ جراحتی کارروائیوں اور زچہ بچہ نگہداشت کے لیے بھی اضافی علاقائی ریفرلز موصول ہوتے ہیں۔ اس یونٹ کو حمل میں اعلی خطرے کی دیکھ بھال کے طبی اور معاونتی انتظام میں تسلیم شدہ بین الاقوامی مہارت حاصل ہے۔

دیگر مفید تنظیمیں

NHS چوائسز (NHS Choices)
.http://www.nhs.uk/pages/home

ڈاؤنز سنڈروم ایسوسی ایشن
(Down's syndrome Association)
www.downs-syndrome.org.uk • ٹیلیفون:
020 8682 4001

ٹرائی سومی 13 اور 18 کے لیے معاونتی تنظیم (SOFT) UK
www.soft.org.uk • ٹیلیفون: 0330 088 1384

اینٹی نٹل رزلٹس اینڈ چوائسز (ARC):
www.arc-uk.org • ٹیلیفون: 020 7631 0285

SAFE جانچ کو یور جین (Yourgene) سے وائٹرو تشخیصی جانچ میں CE کی علامت دی گئی ہے۔ Yourgene برطانیہ میں قائم ایک سالمی تشخصی کمپنی ہے جو کہ سینٹ جارجز یونیورسٹی NHS ہاسپٹلز فاؤنڈیشن ٹرسٹ کی شراکت میں اور زیادہ حاملہ خواتین کے لیے پہلی منضبط NIPT جانچ متعارف کرانے میں ایک برطانوی ممتاز مرکز قائم کرنے کے لیے کام کر رہی ہے۔

IONA® جانچ کے ذریعہ مضبوطی عطا کی جاتی ہے جو کہ ***Yourgene*** کا ایک رجسٹرڈ ٹریڈ مارک ہے

دستاویز کنٹرول: 05/19

NIPT کیا ہے؟

غیر جراحتی قبل از ولادت جانچ (NIPT) ماں کے خون کی ایک جانچ ہے جو کہ اس بات کی زبردست درستگی کے ساتھ تشخیص کے لیے جدید ترین DNA ٹیکنالوجی کا استعمال کرتی ہے کہ آیا کسی حمل میں کروموسوم سے متعلق مخصوص حالتوں کا امکان انتہائی زیادہ ہے۔

SAFE جانچ کیا ہے؟

SAFE ایک غیر جراحتی قبل از ولادت جانچ (NIPT) ہے جو کہ کسی حمل میں کروموسوم سے متعلق کسی حالت کے امکان کی تشخیص کرتی ہے۔ اس کو ماں کے خون کا ایک چھوٹا سا نمونہ لے کر 10 ویں ہفتے ہی میں انجام دیا جا سکتا ہے۔ پھر خون کو نتائج کی تشخیص کے لیے لیبارٹری بھیجا جاتا ہے جو کہ نمونہ موصول ہونے کے بعد کام کاج کے 5 دنوں کے اندر عام طور پر دستیاب ہو جاتے ہیں۔ SAFE جانچ کی مجموعی درستگی >99% ہوتی ہے۔

SAFE جانچ کس طرح کام کرتی ہے؟

حمل کے دوران آنول سے بچے / بچی کے DNA کا رساؤ ماں کے خون کے دورانیے میں ہوتا ہے۔ اس طرح ماں کے خون میں بچے اور ماں دونوں کا DNA شامل ہوتا ہے۔ ماں کے خون میں بچے کے DNA کو دیکھ کر، SAFE جانچ یہ بتا پاتی ہے کہ آیا بچے کو کروموسوم سے متعلق کسی حالت مثال کے طور پر ڈاؤنز سنڈروم، کے ہونے کا امکان زیادہ ہے یا نہیں۔



ڈاؤن سنڈروم کیا ہے؟

ڈاؤن سنڈروم (یا ٹرائی سومی 21) ایک جینیاتی حالت ہے جو کہ کروموسوم 21 کی ایک اضافی کاپی کی وجہ سے ہوتی ہے (عمومی دو کے بجائے کروموسوم کی تین کاپیاں)۔ برطانیہ میں پیدا ہونے والے ہر 1000 بچوں میں سے تقریباً 1 کو ڈاؤن سنڈروم ہوتا ہے اور برطانیہ میں اس حالت سے متاثرہ افراد کی تعداد 40,000 سے زائد ہے۔ کسی کا بھی بچہ ڈاؤنز سنڈروم سے متاثر ہو سکتا ہے اور اگر چہ نسبتاً زیادہ عمر کی خواتین کے یہاں اس کا خطرہ زیادہ رہتا ہے، ڈاؤنز سنڈروم سے متاثرہ بیشتر بچے نوجوان خواتین کے یہاں پیدا ہوئے ہیں۔

ڈاؤنز سنڈروم ایک تا حیات حالت ہے جو عام طور پر آموزشی معذوریوں اور طبی مسائل فروغ پانے کے بڑھے ہوئے خطرے سے مربوط ہوتی ہے۔ شدت انتہائی طور پر مختلف ہوتی ہے اور اس بات کا پتہ لگانا نا ممکن ہے کہ ڈاؤنز سنڈروم کا شکار کوئی بچہ کس حد تک متاثر ہوگا۔ بعض بالغ افراد خود مختار زندگیاں جیتے ہیں؛ تاہم، کچھ کو طویل مدتی معاونت کی بھی ضرورت ہوگی۔

کیا SAFE جانچ تمام حالتوں کی تشخیص کر سکتی ہے؟

نہیں - ڈاؤنز سنڈروم وہ عام ترین حالت ہے جس کی جانچ کی جاتی ہے نیز دو نسبتاً زیادہ شاذ اور زیادہ سنگین حالتوں کی جنھیں ایڈوارڈز سنڈروم (ٹرائی سومی 18) اور پٹاؤز سنڈروم (ٹرائی سومی 13) کی حیثیت سے جانا جاتا ہے۔ بہت سارے بچے جو ان دو نسبتاً شاذ حالتوں سے متاثر ہوتے ہیں وہ دوران حمل یا پیدا ہوتے ہی مر جاتے ہیں۔

SAFE جانچ کون کرا سکتی ہے؟

یہ جانچ حمل کے 10 ویں ہفتے سے تمام مفرد اور مماثل جڑواں حمل کے لیے مناسب ہے، جن میں IVF، بیضہ عطیہ کنندہ یا سروگیٹ حمل کی حالتیں شامل ہیں۔ غیر مماثل اور "غائب جڑواں" کی جانچ کی حساسیت 99% سے کم ہو کر 95% رہ جاتی ہے۔

یہ جانچ اعلی درجے کی متعدد حمل کی حالتوں (جڑواں سے زیادہ) کے لیے مناسب نہیں ہے، یا اگر ماں کو کینسر ہو یا کروموسوم سے متعلق یا کوئی جینیاتی حالت ہو (جس میں ڈاؤنز سنڈروم شامل ہیں)، یہ ایسی ماؤوں کے لیے بھی نا مناسب ہے جنھوں نے گزشتہ 3 ماہ کے اندر خون چڑھوایا ہو، ٹرانس پلانٹ سرجری، امیونو تھراپی یا جذعی خلیہ کا علاج کرایا ہو۔

SAFE جانچ عام طور پر انجام دی جانے والی 'مرکب جانچ' سے کس طرح مختلف ہے؟

'مرکب جانچ' اور SAFE جانچ بہت مختلف ہیں؛ ان کے انجام دینے کے طریقوں اور ان کے نتائج کی درستگی دونوں اعتبار سے۔ 'مرکب جانچ' کروموسوم سے متعلق یا ڈھانچہ جاتی بے قاعدگی کے امکان کی تشخیص کے لیے الٹراساؤنڈ کی دریافتوں کی مدد سے خون میں ہارمون کی سطحوں کی قدر پیمائی کرتی ہے۔ اگر چہ خرابیوں کا وہ رینج جسے اس طریقے سے معلوم کیا جا سکتا ہے وہ ان خرابیوں کی تعداد سے زیادہ وسیع ہے جن کی شناخت SAFE جانچ کے ذریعے کی جاتی ہے، یہ ڈاؤنز سنڈروم کی دریافت میں SAFE جانچ جتنی درست نہیں ہے (85% درستگی بمقابلہ SAFE جانچ کی زائد از 99% درستگی کے)۔

امنیو سینٹیسس اور CVS کہاں فٹ ہوتی ہیں؟

روایتی لحاظ سے اگر آپ مرکب جانچ کے بعد ایک "اعلی امکان" کا نتیجہ موصول کرتی ہیں تو آپ کو ایک جراحتی کارروائی کی پیش کش کی جائے گی جیسے امنیو سینٹیسس یا کرونک ولّس سیمپلنگ (CVS)۔ امنیو سینٹیسس اور CVS دونوں میں اس امنیوٹک مائع کا ایک چھوٹا نمونہ جو کہ بچے کو گھیرے رہتا ہے (امنیو سینٹیسس) یا پلیسنٹا کے خلیوں کا ایک چھوٹا نمونہ (CVS) لینے کے لیے ایک باریک سوئی استعمال کی جاتی ہے۔ اگرچہ یہ جراحتی کارروائیاں ایک یقینی تشخیص فراہم کرتی ہیں ان میں حمل کے اسقاط کا ایک معمولی خطرہ رہتا ہے۔ اسقاط حمل کا امکان اکثر والدین کے لیے ایک گو مگو والی کیفیت ہوتی ہے، جس میں بہت ساری خواتین NIPT کرانے کا فیصلہ کرتی ہیں، جیسے کوئی جراحتی کارروائی کرانے سے پہلے SAFE جانچ۔

کیوں کہ SAFE جانچ ایک جینیاتی جانچ ہے جو کہ آپ کے بچے / بچی کے DNA کا تجزیہ کرتی ہے، مخصوص کروموسوم سے متعلق حالتوں کی تشخیص میں یہ زیادہ درست ہے، جیسے ڈاؤنز سنڈروم۔ 99% سے زیادہ تشخیص کی اس اعلی شرح کا مطلب ہے کہ کم عورتیں غیر ضروری تناؤ اور جراحتی کارروائیوں سے وابستہ اسقاط حمل کے خطرے سے دو چار ہوں گی۔